مشکلات اور اُن کا حل

عہد حاضر کے عمومی خصوصی مسائل اور مشکلات

کا

مختصر جائزہ اور اُن کا روحانی حل

مرتبہ

شاہ اکرام حُسین سیکری

نظام المشائخ فاؤنڈیشن
مصطفےٰ آباد للیانی
ضلع قصور

حرفِ آغاز

زیرِ نظر مختصر رسالہ جناب سیّد محمد علی شاہ صاحب طبع کرا رہے ہیں، اللہ تعالیٰ انکی اس خدمت کو قبول فرمائے اور اِن کو مزید یہ کام کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ خدا کرے یہ رسالہ بہت سے لوگوں کی مشکلات کو حل کرنے میں معاون ثابت ہو،

شاہ اکرام حسین سکری ۲ جنوری ۱۹۹۵ء

نوٹ

دورِ حاضر میں تقریباً ہر ایک گھر میں مندرجہ ذیل مسائل نے گھیرا ڈال رکھا ہے اور بیشمار آدمی اِن مسائل کا شکار ہیں، اِن ہی چند مسائل کا حل اس رسالہ میں پیش کیا گیا ہے،

(۱) لڑکیوں کی شادی کا مسئلہ

(۲) اولاد کی نافرمانی

(۳) میاں بیوی کے جھگڑے

(۴) کاروباری پریشانیاں

(۵) دشمنوں کی ریشہ دوانیاں

(۶) بیماریوں کے عذاب

(۷) مقدمات کی مصیبت

(۸) قرض داری کا وبال

(۹) بے روزگاری کا مسئلہ

(۱۰) ذہنی پریشانیوں کا دباؤ

(۱۱) بے اولادی کا مسئلہ

(۱۲) ناگہانی آفات کا چکر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان اور کرم کرنے والا ہے جو اپنی ذات اور صفات میں لاشریک ہے جو ہمہ وقت سب کے لیئے کارکشا اور کارساز ہے جو سب کی بگڑی بناتا ہے جو ہمیشہ اپنے ماننے والوں اور نہ ماننے والوں پر مہربان ہے سب کو دیکھتا ہے سب کی سُنتا ہے جو مومنوں اور کافروں نیکوں اور بدوں کو ہمیشہ رزق دیتا ہے اور نوازتا ہے اس رحیم کریم بزرگ اور برتر خدا نے اپنے محبوب بندوں کے ذریعہ اُن لوگوں کے لیئے جو طرح طرح کی پریشانیوں کا شکار ہو گئے ہیں اور سخت مشکلات میں گرفتار ہیں ان مشکلات کے حل سے بھی آگاہ فرمایا ہے۔ بندوں پر یہ اسکا کرم ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہیگا۔

جب عاجز اور مجبور بندے اس کو پکارتے ہیں خواہ مومن ہو یا کافر تو وہ ہر ایک کو بہر حال اپنی رحمت سے نوازتا ہے،

انتہائے رحمت یہ ہے کہ اس نے اس عظیم کائنات میں سب سے زیادہ محبوب ترین بندے حضرت سرورِ کائنات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو رحمت عالم بنا کر بھیجا جو ہر دور اور ہر زمانہ کے لیئے اس دنیا میں تشریف لانے سے پہلے بھی رحمت تھے اپنے عہد مُبارک میں بھی رحمت تھے جب تک یہ کائنات قائم دائم ہے رحمت بنے رہیں گے، وہ جو عرب کے واسطے رحمت ہیں جو عجم کے واسطے رحمت ہیں وہ جو سب کیلیئے اس دنیا میں بھی رحمت ہیں اور اُس دنیا میں بھی رحمت ہیں،

اُن کی شان کریمی سب کو نوازتی ہے، دوست اور دُشمن کی تمیز نہیں کرتی
وہ ہر حال میں سب کے مولیٰ اور سب کے آقا ہیں
کسی شاعر نے خوب کہا ہے

جب کسی کو وہ پیار کرتے ہیں
رحمتیں بیشمار کرتے ہیں،
سب ہیں اپنوں کے چاہنے والے
وہ بُروں کو بھی پیار کرتے ہیں

جب اللہ تعالیٰ کے بیکس اور بے بس بندے سخت پریشانی کے عالم میں رحمت عالم کی ذات گرامی کو وسیلہ بنا کر بارگاہِ الٰہی میں پکارتے ہیں تو رحیم و کریم خدا کی رحمتیں جوش میں آجاتی ہیں بحرِ رحمت میں زبردست لہریں اُٹھتی ہیں جو بندوں کی تمام پریشانیوں کو بہا کر لے جاتی ہیں

بگڑی بن جاتی ہے جب فضلِ خدا ہوتا ہے

خدا کا فضل۔ اس وقت ہوتا ہے جب رحمت عالم کو وسیلہ بنا کر پکارا جاتا ہے۔ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اُمت کے خواص یا نائبانِ رسول یعنی اولیاءِ کرام کے ذریعہ سب کے لیے بالعموم اور اپنی امت کیلئے بالخصوص ہر قسم کی پریشانیوں کے حل مُہیا فرمائے ہیں۔ عصر حاضر میں جا بجا بلکہ ہر گھر میں طرح طرح کی پریشانیوں کا ہجوم ہے۔ ہر شخص بے سکون اور بے قرار ہے۔ نفسی نفسی کا دور ہے۔ ہر طرف چیخ و پکار ہے۔ ہر آدمی خوار اور بیزار ہے پیار اور محبت خلوص اور ہمدردی کا دور تک کہیں

جلالی ۶۶۲	اے بزرگ بے مانند	یَا مُتَكَبِّرُ

فوائد

جو کوئی ہر جائز کام کی ابتدا میں اس اسم کو بکثرت پڑھے گا وہ اپنی مراد کو پہنچے گا اور مباشرت سے پہلے دس مرتبہ پڑھیگا اس کو اللہ تعالےٰ نیک اور صالح فرزند عطا کریگا۔

جلالی ۳۳۶	اے خلق کی صورت بنانے والے	یَا مُصَوِّرُ

فوائد

جو عورت بانجھ ہو وہ سات روزے رکھے اور افطار کے نزدیک ۲۱ بار یَا مُصَوِّرُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے اللہ تعالےٰ اس کو نیک فرزند عطا فرمائے گا اور جو کوئی اس اسم کو بکثرت ورد کریگا اس کے دشوار کام آسان ہو جائیں گے۔

یَاوَہَابُ	اے بغیر عوض کے بہت دینے والے	جمالی ۱۴

فوائد

جو کوئی فقر و فاقہ کی مصیبت میں گرفتار ہو وہ اس اِسم مُبارک کو بکثرت پڑھے اللہ تعالےٰ اس کو نجات دے گا اور ایسا کرم ہو گا کہ ورد کرنے والا حیران رہ جائے گا۔

یَارَزَّاقُ	اے خلق کو روزی دینے والے	جمالی ۳۰۸

فوائد

جو کوئی صبح کی نماز کے بعد اپنے گھر کے چاروں کونوں میں دس دس بار پڑھکر دم کرے گا اس گھر سے رنج اور مفلسی دور ہو گی عمل کی ابتدار دائیں کونے سے کریں اور مُنہ قبلہ کیطرف سے نہ پھریں،

یَا وَدُوْدُ	اے بہت دوست رکھنے والے	جمالی ۳۰

فوائد

جس کسی کا لڑکا بدراہ ہوگیا ہو وہ جمعہ کے روز بعد نماز جمعہ ایک ہزار مرتبہ یہ اسم مُبارک پڑھ کر شرینی پر دم کر کے اور وہ شرینی لڑکے کو کھلادے انشاءاللہ نیک ہوجائیگا۔

یَا شَہِیْدُ	اے حاضر	جمالی ۳۱۹

فوائد

جس کا بیٹا نافرمان ہو یا بیٹی غیر صالح ہو تو اس شخص کو لازم ہے کہ ہر روز صبح کے وقت اپنا ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھے اور مُنہ کو آسمان کیطرف کر کے ۲۱ مرتبہ یا شہید پڑھ کر دم کرے۔ اللہ تعالے اِن دونوں کو نیک اور صالح کر دے گا۔

یامُعِیدُ	اے دوسری بار پیدا کرنے والے	جلالی ۱۲۴

فوائد

جب کسی کا کوئی آدمی غائب ہو جائے اور وہ آدمی اس کو واپس بلانا چاہے تو اس اسم کو گھر کے چاروں کونوں میں ستر بار پڑھے اور کہے یامُعیدُ پھیر تو فلاں کو سات دن پورے نہ ہونگے کہ غائب واپس آجائے گا یا خبر آجائے گی۔

یاحَیُّ	اے زندہ	جلالی ۱۸

فوائد

جو کوئی بیمار ہو اس اسم کو بکثرت پڑھے صحت پائے گا اور جو ہر روز ستر بار پڑھے گا اس کی عمر دراز ہو گی،

یَاقَادِرُ	اے ہر چیز پر قوت دینے والے	جلالی ۳۰۵

فوائد

اگر کسی کو کوئی مُشکل کام پیش آگیا ہو تو یہ اسم مُبارک اکتالیس ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے اس کے تمام کام درست ہو جائیں گے۔

یَااَوَّلُ	اے سب سے پہلے	جلالی ۳۷

فوائد

جس کسی کو اولاد نہ ہو وہ چالیس دن تک اس اسم مُبارک کو پڑھے اللہ تعالےٰ اس کو نیک صالح فرزند عطا کرے گا۔

یَا بَرُّ	اے نیکو کار	جلالی ۲۰۲

فوائد

جو کوئی شخص شراب اور زنا میں مُبتلا ہو ہر روز سات ۷ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پلا دیں انشاءاللہ شیطان کے چنگل سے نکل جائے گا

یَا مَانِعُ	اے منع کرنے والے	جلالی ۱۴۱

فوائد

جب میاں اور بیوی کے درمیان خفگی ہو اور نزاع واقعہ ہو جائے تو جب اپنے بستر پر جائیں تو یہ اسم ۲۰ مرتبہ پڑھیں اللہ تعالے غصہ کو دور کر دیگا۔

یانافعُ	اے نفع پہنچانے والے	جلالی ۲۰۱

فوائد

جو کوئی ہر کام کی ابتداء میں اس اسم کو ۱۴۱ مرتبہ پڑھیگا اس کے تمام کام حسبِ دل خواہ مُراد کو پہنچیں گے۔

الحمدللہ کہ ۲۷ اکتوبر ۱۹۹۰ء کو بوقت ۱۲ بجے دن یہ رسالہ لکھ کر فارغ ہوا اللہ تعالےٰ اس کے ذریعہ لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔

آمین ثمہ آمین

سیّد اکرام حسین شاہ سیکری
سیکر ہاؤس نمبر ۲۲۱ ای بلاک یونٹ نمبر ۹
لطیف آباد حیدرآباد سندھ۔